Information for families: Handout 2 - Urdu

معلومات برائے خاندان: مراسلہ 2

ایسے بچوں کو جو انگریزی ایک اضافی زبان کے طورپر سیکھرہے ہوں مراکز برائے اطفال میں ڈالنا

مرکز برائے اطفال میں ایک مثبت آغاز نہایت اہم ہوتا ہے۔

اس طرح کی خدمات کی جگہ پر شمولیت سے قبل جاناوالدین اور بچوں کے لیے کافی مفید ہوتا ہے۔ جہاں ممکنہو وہاں مختصر دورانیے کے اجلاس سے شروع کریں اور پھران کا دورانیہ بڑھاتے جائیں تاکہبچے اس ماحول کے مطابقخود کو ڈھال سکیں اور آرام محسوس کریں۔

والدین یہ امید رکھ سکتے ہیں کہ معلمین پرجوش اورخیرمقدمی رویہ رکھیں گے اور انگریزی کے علاوہ دیگرزبانوں کے استعمال کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ معلوماتکو بہتر طور سمجھنے کے لیے بہت سارےمراکز پر ٹیلیفونپر ترجمان بھی ایسے والدین کو فراہم کیے جا سکتے ہینجو کہ انگریزی ایک اضافی زبان کے طور پر سیکھ رہے ہوں۔مزید برآں اس طرح کی خدمات سے روشناس ہونے کےلیے ایسے بچوں کو جو انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبانبولتے ہوں دونوں زبانوں میں مختصر عرصے کے لیے مددبھی فراہم کی جا سکتی ہے۔

معلمین اس پروگرام کے مختلف پہلووں میں والدین کیشرکت کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ اس طرح سے بچوں کواچھا لگتا ہے اور وہ گھر اور مرکز برائے اطفال کے ماحولمیں ایک طرح کا تعلق محسوس کرتے ہیں۔ والدین کو یہسمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ ان کے بچوں کے ساتھ انکی غیرموجودگی میں اس سہولت کی جگہ پر کیا ہوتا ہے۔

والدین اپنے بچوں کی خدمات برائے اطفال کی جگہپر رہنے میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں

- سروس کی جگہ پر بچوں کے ساتھ وقت گذارکر ۔سروس کی روٹین کے بارے میں اپنے بچےکو بتاکر،کھیل کر، کہانیاں سنا کر، گانے گا کر، دوسرےبچوں سے بات کرکے۔
- ان کابچہ جن تجربات سے گذر رہا ہو اور جومحسوس کررہا ہو اس کے بارے میں بات کرکے: انہیں یقین دلا کر اور ان کی حوصلہ افزآئی کرکے۔

معلمین چاہیں گے کہ وہ خاندانوں کی ثقافت، رسوم و رواجکو سمجھیں اور ان کے ماضی کے تجربات کو ملحوظ خاطررکھیں۔ معلمین کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کرنے سےانہیں بچوں کے بارے میں ، خاندان ،زبان رہن سہن کےطریقوں اور بچوں کے تجربات کو بہتر طور پر سمجھنے مینمدد ملتی ہے۔ اپنے بچے کے بارے میں والدین جن معلوماتکا تبادلہ مراکز برائے اطفال کے ساتھ کرسکتے ہیں اس کیچند مثالوں میں شامل ہیں:

- بچے کی صحت کے متعلق معلومات۔ مدافعتیٹیکے، کسی طرح کی طبی ضروریات لاحق ہیں،بیماریا ں یا الرجی۔
- والدین اپنے بچوں کے پوتڑے کیسے تبدیل کرتےہیں۔
- بچے ٹوائلٹ کیسے استعمال کرتے ہیں (مراکزبرائے اطفال کے ٹوائلٹ میں دروازے نہیں ہوتے تاکہمعلمین بچوں کی نگرانی کرسکیں اور اور اگر ضرورت پڑے تو ان کی مدد کر سکیں)۔

- بچے جو خوراک کھاتے ہیں، کھانے کے دوران کے رواج/روٹین۔
- بچوں کو کھانا کیسے دیا جاتا ہے یا اگر وہ خود کھاتے ہیں تو کیسے کھاتے ہیں۔
- بچوں کے آرام/سونے کی ضروریات: مثلاً وہ گانےجو والدین گاتے ہیں، کوئی پسندیدہ کتاب، کوئیخاص کھلونا یا کمبل اور دن کے کس حصے میںبچے عموماً آرام کرتے/ سوتے ہیں۔
- والدین اپنےبچے کا دل کیسے بہلاتے ہیں۔
- والدین اپنے بچے کے رویے کو کیسے قابو میںرکھتے ہیں مثلاً گھر میں کیسا ڈسپلن رکھتے ہیں
- بچے کس چیز کے ساتھ کھیلنا پسند کرتے ہیں۔
- ثقافتی و خاندانی رواج اور تہوار۔

بچوں کی مادری زبان اور ثقافت کو مراکز برائے اطفال کے ماحول میں سمونا

معلمین بچوں کی پڑھنے لکھنے و حساب کے علم اورمہارتوں کو بچوں کے ساتھ بات چیت کرکے، ان کیسوچنے سمجھنے کی صلاحیت کو حوصلہ افزائیکرکےڈراموں کے ذریعے، کتابوں کا اشتراک کرکے اورکہانیاں سنا کر، بچوں کے ساتھ گانے گا کر اورکھیلکربڑھاتے ہیں۔ ان تجربات کے ذریعے بچوں کو انگریزیسیکھنے میں بھی مدد ملے گی۔

والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ:

- *وہ تصاویر والی کتابیں پڑھیں اور اپنی گھریلو زبانمیں ان کہانیوں کے بارے میں اپنے بچوں کو اورسروس میں دیگر بچوں کو بتائیں۔*
- *اپنے بچوں کے ساتھ اور دوسروں کے ساتھ جو کہایک ہی زبان بولتے ہوں بات چیت کرکےوقت گذاریں۔*
- *معلمین کو اپنی زبان کےگانے ، گیت اورنظمیں سکھا کر تاکہ معلمین انہیں دوسرے بچوں کو بتا سکیں۔*
- *اپنی ثقافت سے منسوب موسیقی کو لا کر□ریکارڈ شدہ موسیقی یا آلات کے ذریعے*
- *خصوصی یا کثرت سے استعمال ہونےوالی چیزیں لاکر، جیسا کہ تصاویر اور فن پارے۔*

fka CHILDREN'S SERVICES INC
Incorporating Multicultural Resource Centre

Ground Floor, 9-11 Stewart Street
Richmond, 3121
tel: +61 3 9428 4471
fax: +61 3 9429 9252
email: fkacs@fka.org.au
web: www.fka.org.au
FKA Children's Services Inc. 215663278505573